# ممبئی میں اورنج الرٹ جاری، 24 گھنٹوں میں 190 ملی میٹر سے زائد بارش، پووئی جھیل لبریز




ممبئی (یو این آئی) بھارتی محکمہ موسمیات نے بدھ کے روز ممبئی اور کونکن خطے کے لیے اورنج الرٹ جاری کرتے ہوئے آئندہ چار دن تک زبردست بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر میں موسلا دھار بارش کے باعث نشیبی علاقے زیر آب آگئے، سڑک اور ریل ٹریفک متاثر ہوئی، پووئی جھیل لبریز ہوگئی جب کہ بارش سے متعلق دو الگ الگ حادثات میں دو افراد کی جان چلی گئی۔ محکمہ موسمیات نے صبح 10 بج کر 15 منٹ پر جاری کردہ موسمی بلیٹن میں کہا کہ آئندہ تین گھنٹوں کے دوران ممبئی، تھانے، پال گھر، رائے گڑھ، رتنا گیری، سندھودرگ سمیت پورے کونکن خطے کے مختلف مقامات پر درمیانی سے شدید بارش کا سلسلہ جاری رہ سکتا ہے۔ محکمہ نے یہ بھی پیش گوئی کی ہے کہ آئندہ چار دنوں تک ممبئی اور ملحقہ اضلاع میں شدید سے انتہائی شدید بارش کے ساتھ بعض مقامات پر گرج چمک اور 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ ممبئی میں اتوار سے مسلسل درمیانی اور شدید بارش ہو رہی ہے، جبکہ منگل کی رات سے بارش کی شدت مزید بڑھ گئی اور بدھ کی صبح تک موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ مسلسل بارش کے باعث شہر کے متعدد نشیبی علاقے زیر آب آگئے، سڑکوں پر ٹریفک کی رفتار انتہائی سست ہوگئی، مضافاتی ریلوے خدمات متاثر ہوئیں اور ہزاروں روزانہ سفر کرنے والے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن کے ڈیزاسٹر مینجمنٹ سیل کے مطابق منگل کی صبح 10 بجے سے بدھ کی صبح 10 بجے کے درمیان شہر کے کئی موسمیاتی مراکز پر غیر معمولی بارش ریکارڈ کی گئی۔ ٹرومبے کے شاہجی نگر میں سب سے زیادہ 191 ملی میٹر بارش ہوئی، جب کہ مانکھرد کے مہاراشٹر نگر میں 185 ملی میٹر اور ایل بی ایس ملنڈ چیک ناکہ میں 175 ملی میٹر بارش درج کی گئی۔ دیگر علاقوں میں چیمبور کی کلکٹر کالونی میں 163 ملی میٹر، بائیکلہ فائر اسٹیشن میں 162 ملی میٹر، وکھرولی کے ٹیگور نگر میں 145 ملی میٹر، ممبئی سینٹرل کے نائر اسپتال میں 143 ملی میٹر، بی کے سی فائر اسٹیشن میں 139 ملی میٹر، کندیولی فائر اسٹیشن میں 138 ملی میٹر اور ڈنڈوشی فائر اسٹیشن میں 136 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ شہر کے کئی دیگر علاقوں میں بھی 24 گھنٹوں کے دوران 175 ملی میٹر سے زائد بارش ہوئی۔ الگ موسمیاتی اعداد و شمار کے مطابق رات 12 بجے سے صبح 4 بجے کے درمیان بارش کا انتہائی شدید سلسلہ دیکھا گیا۔ اس دوران ملنڈ میں 160.4 ملی میٹر، ورسوا میں 157 ملی میٹر، مانکھرد میں 123 ملی میٹر اور پووئی میں 122 ملی میٹر بارش ہوئی، جب کہ مارول اور اوشیوارہ میں بھی 100 ملی میٹر سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی۔ صرف رات 10 بجے سے 11 بجے کے درمیان کندیولی میں 32 ملی میٹر، ملاڈ میں 28 ملی میٹر اور جوہو میں 22 ملی میٹر بارش ہوئی۔ شدید بارش کے باعث دادر، سیون، کرلا، باندرہ، سانتا کروز، ملاڈ، جوگیشوری اور دیگر نشیبی علاقوں میں بڑے پیمانے پر پانی جمع ہوگیا۔ ویسٹرن ایکسپریس ہائی وے پر خاص طور پر کھار اور اندھیری کے درمیان گاڑیوں کی طویل قطاریں دیکھنے میں آئیں اور ٹریفک کی رفتار انتہائی سست رہی۔

اندھیری سب وے میں تقریباً ایک سے ڈیڑھ فٹ پانی بھر جانے کے بعد اسے گاڑیوں کی آمد و رفت کے لیے بند کر دیا گیا۔ بی ایم سی کے اہلکاروں نے موقع پر تعینات رہ کر گاڑیوں کو زیر آب راستے میں داخل ہونے سے روکا۔ ایک آٹو رکشا ڈرائیور، جس کی گاڑی سب وے میں پھنس گئی تھی، کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ ٹریفک کو گوکھلے برج اور ٹھاکرے برج کے راستے موڑ دیا گیا، جبکہ بی ایم سی نے بتایا کہ شہر کے دیگر تمام روڈ سب وے معمول کے مطابق کھلے رہے۔ شدید بارش کا اثر مضافاتی ریلوے خدمات پر بھی پڑا۔ ٹرانس ہاربر لائن پر کوپر کھیرانے اور گھنسولی کے درمیان پٹریوں کے نیچے مٹی کھسکنے کے باعث ٹرین سروس عارضی طور پر معطل رہی۔ سینٹرل ریلوے پر کرلا اور دادر کے درمیان پٹریوں پر پانی جمع ہونے سے ٹرینیں تاخیر کا شکار ہوئیں، جبکہ چنا بھٹی اسٹیشن پر بھی ریل پٹریاں جزوی طور پر زیر آب آگئیں۔ دیگر مضافاتی ریلوے لائنوں پر معمولی تاخیر کے ساتھ خدمات جاری رہیں۔ مسلسل بارش کے نتیجے میں بدھ کی صبح تقریباً ساڑھے پانچ بجے بی ایم سی حدود میں واقع اہم مصنوعی آبی ذخیرے پووئی جھیل میں پانی لبریز ہو کر بہنا شروع ہوگیا، جس سے شہر میں پانی کی قلت کے درمیان کسی حد تک راحت کی امید پیدا ہوئی۔ پووئی جھیل کی ذخیرہ کرنے کی مجموعی گنجائش 545 کروڑ لیٹر ہے، تاہم یہ جھیل ممبئی کی سات پینے کے پانی کی جھیلوں کا حصہ نہیں ہے اور صرف صنعتی مقاصد کے لیے پانی فراہم کرتی ہے۔ بلدیہ کے حکام کے مطابق منگل تک ممبئی کو پینے کا پانی فراہم کرنے والی سات جھیلوں میں صرف 6.93 فیصد قابل استعمال پانی باقی تھا۔ بھاتسا، اپر ویترنا، مڈل ویترنا، مودک ساگر، تانسا، وہار اور تلسی جھیلوں کی مجموعی ذخیرہ گنجائش 14 لاکھ 47 ہزار 363 ملین لیٹر ہے، جبکہ پووئی جھیل کی گنجائش اس کا محض 0.38 فیصد بنتی ہے۔ حکام نے واضح کیا کہ پووئی جھیل کا لبریز ہونا مانسون کی بہتر پیش رفت کی علامت ضرور ہے، لیکن اس کا ممبئی کی پینے کے پانی کی فراہمی پر کوئی براہ راست اثر نہیں پڑے گا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق جاری سڑک کنکریٹائزیشن کے کام کے دوران درخت کی جڑیں کمزور ہونے کے باعث شدید بارش میں درخت گر گیا۔ محکمہ موسمیات نے شہریوں کو آئندہ چار دن تک محتاط رہنے کی ہدایت دیتے ہوئے غیر ضروری سفر سے گریز کرنے، زیر آب علاقوں سے دور رہنے اور متعلقہ حکام کی موسمی وارننگ پر مسلسل نظر رکھنے کا مشورہ دیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے اعداد و شمار کے مطابق موجودہ مانسون سیزن میں کولابا آبزرویٹری میں اب تک 510 ملی میٹر جبکہ سانتا کروز آبزرویٹری میں 513 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ بی ایم سی کے مطابق ممبئی میں اب تک اوسط موسمی بارش کا 20.41 فی صد حصہ برس چکا ہے۔ موسمیاتی ماہرین کے مطابق ممبئی میٹروپولیٹن ریجن، بشمول پنویل اور ملحقہ علاقوں میں بدھ کی رات اور جمعرات تک ہلکی سے درمیانی بارش، زیادہ نمی اور وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔

## مہاراشٹر ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ کا گرین قدم
### سرکاری فلیٹ میں 57 الیکٹرک گاڑیاں شامل

ممبئی: مہاراشٹر حکومت نے ماحول دوست ٹرانسپورٹ کو فروغ دینے کی سمت ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ کے سرکاری فلیٹ میں 57 الیکٹرک گاڑیاں شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اقدام ریاست کی الیکٹرک وہیکل پالیسی 2025 کے تحت سرکاری شعبے میں برقی گاڑیوں کے استعمال کو بڑھانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ حکام کے مطابق الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال سے ایندھن پر انحصار کم ہوگا، کاربن اخراج میں کمی آئے گی اور سرکاری اداروں میں ماحول دوست سفری نظام کو فروغ ملے گا۔ مہاراشٹر الیکٹرک وہیکل پالیسی 2025 کا مقصد ریاست میں برقی گاڑیوں کے استعمال کو تیز کرنا، چارجنگ انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانا اور صاف ستھری ٹرانسپورٹ کو فروغ دینا ہے۔ سرکاری فلیٹ میں الیکٹرک گاڑیوں کی شمولیت کو ایک مثالی اقدام قرار دیا جا رہا ہے، کیونکہ حکومت کا ماننا ہے کہ جب سرکاری ادارے نئی ٹیکنالوجی کو اپناتے ہیں تو عوام میں بھی اس کے استعمال کے لیے اعتماد پیدا ہوتا ہے۔ حکام کے مطابق یہ قدم نہ صرف آلودگی میں کمی کے لیے مددگار ثابت ہوگا بلکہ مستقبل میں دیگر سرکاری محکموں اور اداروں کو بھی الیکٹرک گاڑیوں کی جانب راغب کرے گا۔

## مہاراشٹر میں غیر قانونی آئی وی ایف اور سونوگرافی مراکز کے خلاف مکوکا نافذ کرنے کی تیاری

ممبئی (یو این آئی) مہاراشٹر حکومت نے غیر قانونی ان وٹرو فرٹیلائزیشن (آئی وی ایف) مراکز، غیر مجاز سونوگرافی کلینکس اور جنس کے غیر قانونی تعین میں ملوث منظم گروہوں کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کیا ہے۔ ریاستی وزیر صحت پرکاش ابیٹکر نے اعلان کیا ہے کہ ایسے منظم ریکیٹس کے خلاف مہاراشٹر کنٹرول آف آرگنائزڈ کرائم ایکٹ (مکوکا) نافذ کرنے کے لیے حکومت ضروری قانونی اقدامات کرے گی۔ ریاستی اسمبلی کے مانسون اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے وزیر صحت نے کہا کہ حکومت غیر قانونی آئی وی ایف مراکز اور سونوگرافی کلینکس چلانے والے منظم نیٹ ورک کو مکمل طور پر ختم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ اسمبلی اجلاس میں ان جرائم پر مکوکا نافذ کرنے سے متعلق ضروری قانونی دفعات پیش کی جائیں گی تاکہ سخت کارروائی کو قانونی بنیاد فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے آئی وی ایف اور سونوگرافی مراکز کی نگرانی مزید سخت بنانے اور پری کنسیپشن اینڈ پری نیٹل ڈائیگنوسٹک ٹیکنیکس (پی سی پی این ڈی ٹی) ایکٹ پر مؤثر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے ایک خصوصی ٹاسک فورس تشکیل دینے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ یہ ٹاسک فورس ریاست بھر میں غیر قانونی مراکز کی نشاندہی، نگرانی اور کارروائی کی ذمہ داری انجام دے گی۔ وزیر صحت نے دیہی علاقوں میں صحت کی سہولیات سے متعلق اپوزیشن لیڈر وجے وڈیٹیوار کی جانب سے اٹھائے گئے خدشات کا جواب دیتے ہوئے اعتراف کیا کہ ریاست کے کئی علاقوں میں طبی عملے اور بنیادی سہولیات کی کمی موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ڈاکٹرز ڈے کے موقع پر شروع کی گئی خصوصی مہم کے تحت 1400 نئے ڈاکٹروں کی بھرتی کا عمل شروع کر دیا گیا ہے، جس سے سرکاری صحت کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔

## سچن اہیر مہاراشٹر قانون ساز کونسل کے ڈپٹی چیئرمین بلا مقابلہ منتخب



ممبئی (یو این آئی) مہاراشٹر کی سیاست میں ایک اہم پیش رفت کے تحت شیوسینا کے ایکناتھ شندے دھڑے کے رہنما سچن اہیر بدھ کے روز مہاراشٹر قانون ساز کونسل کے ڈپٹی چیئرمین بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ اپوزیشن مہاوکاس اگھاڑی کی جانب سے اپنے امیدوار جگن ناتھ ابھینکر کا نام واپس لینے کے بعد انتخابی عمل محض ایک رسمی کارروائی بن کر رہ گیا۔ ڈپٹی چیئرمین کے عہدے کے لیے انتخاب دوپہر ایک بجے ہونا تھا، تاہم پارلیمانی امور کے وزیر چندرکانت پاٹل نے اپوزیشن سے اپیل کی تھی کہ ایوان کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس عہدے پر متفقہ انتخاب عمل میں لایا جائے۔ اس اپیل کے بعد مہاوکاس اگھاڑی کی قیادت نے اپنے امیدوار جگن ناتھ ابھینکر کی امیدواری واپس لینے کا فیصلہ کیا، جس کے نتیجے میں سچن اہیر بلا مقابلہ منتخب قرار پائے۔ سچن اہیر نے انتخاب سے محض ایک روز قبل شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے دھڑے کو چھوڑ کر ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیوسینا میں شمولیت اختیار کی تھی۔ ان کی یہ سیاسی تبدیلی ادھو ٹھاکرے گروپ کے لیے ایک بڑا دھچکا سمجھی جا رہی ہے، کیونکہ اہیر کو آدتیہ ٹھاکرے کے قریبی ساتھیوں میں شمار کیا جاتا تھا اور وہ ورلی اسمبلی حلقے میں پارٹی کی حکمت عملی تیار کرنے میں اہم کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ ان کے انتخاب کے بعد وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس نے ایوان میں سچن اہیر کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ غیر جانبداری کے ساتھ ایوان کی کارروائی مؤثر انداز میں چلائیں گے۔ برسر اقتدار مہایوتی اتحاد، جسے قانون ساز کونسل میں واضح اکثریت حاصل ہے، پہلے ہی سچن اہیر کی امیدواری کی بھرپور حمایت کا اعلان کر چکا تھا۔ سابق رکن اسمبلی اور تجربہ کار قانون ساز سچن اہیر نے منگل کے روز وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس، نائب وزرائے اعلیٰ ایکناتھ شندے اور سنیترا اپوار کی موجودگی میں اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا تھا۔ اس موقع پر ایکناتھ شندے نے ان کی شمولیت کا دفاع کرتے ہوئے کہا تھا کہ سچن اہیر 2022 میں قانون ساز کونسل کے لیے تیر و کمان کے انتخابی نشان پر منتخب ہوئے تھے، جو قانونی طور پر اب بھی شیوسینا کے شندے دھڑے کے پاس ہے، اس لیے وہ دراصل اسی جماعت کے ساتھ برقرار ہیں۔ مہاراشٹر قانون ساز کونسل کے ڈپٹی چیئرمین کا عہدہ آئین ہند کے آرٹیکل 182 کے تحت ایک اہم آئینی منصب ہے۔ چیئرمین کی غیر موجودگی میں ڈپٹی چیئرمین ایوان کی کارروائی کی صدارت کرتے ہیں اور قانون ساز کونسل کی کارروائی کو آئینی تقاضوں کے مطابق منظم انداز میں چلانے کی ذمہ داری نبھاتے ہیں۔

## ممبئی میں 7 غیر مجاز اسکولوں کے خلاف ایف آئی آر درج، بی ایم سی کے بند کرنے کے احکامات کی خلاف ورزی کا الزام

ممبئی: برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن (بی ایم سی) کے محکمہ تعلیم کی شکایت پر ممبئی پولیس نے شہر کے 7 غیر مجاز اسکولوں کی انتظامیہ کے خلاف ایف آئی آر درج کی ہے۔ ان اسکولوں پر الزام ہے کہ بی ایم سی کی جانب سے اسکول بند کرنے کے نوٹس جاری کیے جانے کے باوجود تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھی گئیں۔ اطلاعات کے مطابق یہ اسکول ٹرومبے اور مانخورد علاقوں میں چل رہے تھے۔ بی ایم سی کے سروے کے دوران تعلیمی سال 2025-26 میں ممبئی میں متعدد ایسے پرائمری اسکولوں کا پتہ چلا تھا جو سرکاری منظوری کے بغیر کام کر رہے تھے۔ ان میں سے 7 اسکول ٹرومبے پولیس اسٹیشن کی حدود میں شامل ہیں۔ بی ایم سی نے متعلقہ اسکولوں کے پرنسپل، سیکریٹری اور انتظامیہ کو پہلے نوٹس جاری کرتے ہوئے ہدایت دی تھی کہ وہ مقررہ مدت میں منظوری سے متعلق دستاویزات پیش کریں یا اسکول بند کر دیں۔ الزام ہے کہ اسکول انتظامیہ نے نہ تو مطلوبہ دستاویزات جمع کیے اور نہ ہی بی ایم سی کے احکامات پر عمل کیا۔ پولیس نے اس معاملے میں متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔ بی ایم سی نے کارروائی کے لیے نوٹس اور دیگر دستاویزات پولیس کے حوالے کیے ہیں۔ میونسپل کارپوریشن کا کہنا ہے کہ بغیر منظوری کے چلنے والے اسکولوں کے خلاف کارروائی طلبہ کے تعلیمی مستقبل اور تعلیم کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے کی جا رہی ہے۔

## ممبئی کی لوکل ٹرینوں پر بڑھتے ہوئے جرائم کے خلاف کارروائی
### 150 اسٹیشنوں پر چہرے کی شناخت کرنے والے کیمرے؛ سخت داخلے کے اصول بھی



ممبئی: ممبئی کی لائف لائن سمجھی جانے والی لوکل ٹرینوں پر مجرمانہ واقعات میں مسلسل اضافے کے بعد ریاستی حکومت اور پولیس انتظامیہ حرکت میں آگئی ہے۔ گزشتہ چھ مہینوں میں چلتی لوکل ٹرینوں میں دو مسافروں کے قتل کے بعد، مہاراشٹر کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس (ڈی جی پی) سدانند ڈیٹ نے ریلوے انتظامیہ کو ممبئی کے مضافاتی ریل نیٹ ورک کے 150 ریلوے اسٹیشنوں کا فوری سیکیورٹی آڈٹ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ منگل (30 جون) کو منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ میں، ڈی جی پی نے واضح طور پر کہا کہ مسافروں کی حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میٹنگ میں خاص طور پر چرچ گیٹ-نالاسوپارہ لوکل ٹرین میں حالیہ قتل پر توجہ دی گئی، جہاں ٹرین کا دروازہ بند کرنے پر معمولی جھگڑے کے بعد ایک مسافر کو ہلاک کر دیا گیا تھا۔ اس واقعہ نے لوکل ٹرینوں پر حفاظتی انتظامات پر سنگین سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ویسٹرن ریلوے کے تحت 42 اسٹیشنوں اور سینٹرل ریلوے کے تحت 108 اسٹیشنوں کا تفصیلی سیکیورٹی آڈٹ کیا جائے گا۔ اس آڈٹ کا مقصد موجودہ سیکیورٹی سیٹ اپ میں موجود خامیوں کی نشاندہی کرنا اور انہیں فوری طور پر درست کرنا ہے۔ بنیادی طور پر موجودہ سیکیورٹی انفراسٹرکچر کو اپ گریڈ کرنا۔ ڈی جی پی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ مسافروں کی تعداد کے مطابق ہر اسٹیشن پر سیکورٹی اہلکاروں کی تعیناتی کو یقینی بنائیں۔ اسٹیشنوں کے مرکزی داخلی اور خارجی راستوں پر اسکریننگ کے طریقہ کار کو مزید جدید اور سخت بنایا جاتا ہے۔ خواتین کے کوچز میں لگائے جانے والے گھبراہٹ کے بٹنوں کو جلد از جلد مکمل طور پر فعال کیا جانا چاہیے تاکہ ہنگامی حالات میں فوری مدد کو یقینی بنایا جا سکے۔ مزید برآں، سیکیورٹی سسٹم کو ہائی ٹیک بنانے کے لیے، معیاری سی سی ٹی وی کیمروں کو چہرے کی شناخت کے قابل کیمروں سے تبدیل کیا جائے گا۔ افسران کو یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ریلوے اسٹیشنوں پر تمام غیر مجاز داخلی مقامات کی نشاندہی کریں، انہیں مستقل طور پر سیل کر دیں، اور سماج دشمن عناصر کو اسٹیشن کے احاطے میں آسانی سے داخل ہونے سے روکنے کے لیے چوبیس گھنٹے نگرانی رکھیں۔

## تاراپور ایم آئی ڈی سی کی کیمیکل یونٹ میں ری ایکٹر دھماکہ، آگ بھڑکی؛ 2 افراد زخمی

پال گھر: مہاراشٹر کے ضلع پال گھر کے تاراپور ایم آئی ڈی سی علاقے میں بدھ کی صبح ایک کیمیکل کمپنی میں ری ایکٹر دھماکہ ہونے کے بعد زبردست آگ بھڑک اٹھی۔ حادثہ تقریباً صبح 11 بج کر 18 منٹ پر کیمٹ کمپنی کی یونٹ میں پیش آیا۔ دھماکے کے فوراً بعد فائر بریگیڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور آگ پر قابو پانے کی کارروائی شروع کی۔ حکام کے مطابق دھماکے کے سبب آس پاس کے صنعتی علاقے میں احتیاطی اقدامات کیے گئے۔ حادثے میں پڑوسی کمپنی پیراڈائز ایسڈ/کیمیکلس کے دو ملازمین پرمود اور کملیش زخمی ہوئے، جنہیں فوری طور پر علاج کے لیے نگا اسپتال منتقل کیا گیا۔ فائر بریگیڈ اور دیگر امدادی ٹیمیں موقع پر کارروائی میں مصروف ہیں، جبکہ ری ایکٹر دھماکے کی اصل وجہ کا ابھی تک سرکاری طور پر پتہ نہیں چل سکا ہے۔ حکام نے معاملے کی جانچ شروع کر دی ہے۔

## ابتدائی کاروبار میں ہندوستانی شیئر بازار میں تیزی

ممبئی (یو این آئی) ہفتے کے پہلے دو دن کی گراوٹ کے بعد بدھ کو ابتدائی کاروبار کے دوران گھریلو شیئر بازار میں تیزی دیکھی گئی۔ بی ایس ای کا سینسیکس 66.54 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 76,545.21 پر کھلا۔ خبر لکھے جانے تک یہ 257.98 پوائنٹس یعنی 0.34 فیصد اضافے کے ساتھ 76,736.65 پر ٹریڈ کر رہا تھا۔ اس دوران بازار میں وسیع پیمانے پر خریداری کا رجحان رہا۔ ایف ایم سی جی، آٹو، آئی ٹی، میڈیا، پائیدار اشیائے صرف اور ریئلٹی شعبوں کے حصص میں تیزی دیکھی گئی، جبکہ دھات اور مالیاتی شعبوں کے اشاریے منفی زون میں رہے۔ نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا نفٹی-50 اشاریہ 31.90 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 23,897.65 پر کھلا۔ بعد ازاں یہ 77.70 پوائنٹس یعنی 0.33 فیصد بڑھ کر 23,943.45 پر پہنچ گیا۔

## امت شاہ 2029 کی تیاری کے لیے سیاسی توڑ پھوڑ کرا رہے ہیں، راج ٹھاکرے کا الزام



ممبئی (یو این آئی) مہاراشٹر نونرمان سینا کے صدر راج ٹھاکرے نے مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ پر سخت حملہ کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ مہاراشٹر میں منتخب عوامی نمائندوں کی مسلسل توڑ پھوڑ اور سیاسی عدم استحکام دراصل 2029 کے لوک سبھا انتخابات کے لیے انہیں وزیر اعظم کے امیدوار کے طور پر مضبوط بنانے کی ایک منظم حکمت عملی کا حصہ ہے۔ ممبئی میں پارٹی عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے راج ٹھاکرے نے کہا کہ اس وقت ریاست اور ملک کی سیاست انتہائی پست اور گندی سطح پر پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے حالیہ دنوں میں شیوسینا یو بی ٹی کے چھ ارکان پارلیمنٹ کے ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیوسینا میں شامل ہونے کا حوالہ دیتے ہوئے سوال اٹھایا کہ اگر انہیں بھارتیہ جنتا پارٹی میں ہی جانا تھا تو براہ راست بی جے پی میں شامل کیوں نہیں ہوئے۔ راج ٹھاکرے نے کہا کہ ان ارکان پارلیمنٹ کا شندے دھڑے میں جانا اس بات کا اشارہ ہے کہ پس پردہ کوئی بڑی سیاسی حکمت عملی پر کام ہو رہا ہے۔ ان کے مطابق امیت شاہ 2029 کے لوک سبھا انتخابات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی سیاسی طاقت بڑھانے کے لیے مختلف جماعتوں کی از سر نو صف بندی کر رہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ مختلف سیاسی جماعتوں کے منتخب نمائندوں کو مسلسل دوسری جماعتوں میں شامل کرایا جا رہا ہے۔
انہوں نے الزام لگایا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی موجودہ سیاسی طاقت بڑی حد تک وزیر اعظم نریندر مودی کی ذاتی مقبولیت اور قومی اثر و رسوخ کی مرہون منت ہے، تاہم روزمرہ کی سیاسی توڑ پھوڑ، منتخب نمائندوں کو دوسری جماعتوں سے توڑنے اور سیاسی صف بندی کی حکمت عملی امیت شاہ کی نگرانی میں چلائی جا رہی ہے۔ راج ٹھاکرے نے کہا کہ ریاست کو اس وقت بے روزگاری، ممکنہ خشک سالی اور دیگر عوامی مسائل جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، لیکن حکومت اور سیاسی نظام کی تمام توجہ صرف سیاسی جماعتوں کو توڑنے اور اپنی طاقت بڑھانے پر مرکوز ہے۔ ان کے مطابق اگر یہی رجحان جاری رہا تو اس کے سنگین نتائج مستقبل میں خود بھارتیہ جنتا پارٹی کو بھی بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مہاراشٹر میں بھی مستقبل میں ویسی ہی سیاسی غیر یقینی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے جیسی مغربی بنگال اور بہار میں مختلف ادوار میں دیکھی گئی۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل سیاسی توڑ پھوڑ جمہوری نظام کے لیے نقصان دہ ہے اور اس کے نتائج ریاست کی سیاست پر طویل عرصے تک اثر انداز ہوں گے۔

## بھیونڈی پولیس محکمہ میں بڑے پیمانے پر ردوبدل
### متعدد افسران کے تبادلے، وناتک گائیکواڑ کو ترقی

بھیونڈی: تھانے پولیس کمشنریٹ کے تحت آنے والے بھیونڈی پولیس ڈپٹی کمشنر زون-2 کے مختلف پولیس تھانوں میں اعلیٰ پولیس افسران کے بڑے پیمانے پر تبادلے اور تقرریاں عمل میں آئی ہیں۔ اس انتظامی ردوبدل کے تحت کئی افسران کو نئی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں، جبکہ متعدد افسران کو ترقی بھی دی گئی ہے۔ شانتی نگر پولیس اسٹیشن کے سینئر پولیس انسپکٹر وناتک گائیکواڑ کو اسسٹنٹ پولیس کمشنر (اے سی پی) کے عہدے پر ترقی دی گئی ہے۔ ترقی کے بعد انہیں پونے میں واقع ریاستی پولیس فورس ٹریننگ سینٹر میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کے طور پر تعینات کیا گیا ہے۔ ان کی جگہ بھوئی واڑا پولیس اسٹیشن کے پولیس انسپکٹر پرمود سودام کنبھار کو شانتی نگر پولیس اسٹیشن کا نیا سینئر پولیس انسپکٹر مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح شانتی نگر پولیس اسٹیشن کے پولیس انسپکٹر (انتظامیہ) ونود پاٹل کو ترقی دے کر بھیونڈی شہر پولیس اسٹیشن کا سینئر پولیس انسپکٹر مقرر کیا گیا ہے، جبکہ پولیس انسپکٹر (کرائم) اتل اڈورکر کا بھی تبادلہ بھیونڈی شہر پولیس اسٹیشن کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب بھیونڈی شہر پولیس اسٹیشن میں خدمات انجام دینے والے پولیس انسپکٹر وکرم موہتے کو ترقی دے کر بھوئی واڑا پولیس اسٹیشن کا سینئر پولیس انسپکٹر مقرر کیا گیا ہے۔ کونگاؤں پولیس اسٹیشن کے سینئر پولیس انسپکٹر نیتارام مہاترے کا تبادلہ اسپیشل برانچ میں کر دیا گیا ہے، جبکہ ان کی جگہ ممبئی سے منتقل ہو کر آنے والے منگیش بورسے کو کونگاؤں پولیس اسٹیشن کا نیا سینئر پولیس انسپکٹر مقرر کیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق یہ تبادلے محکمہ جاتی انتظامی ضروریات کے تحت کیے گئے ہیں۔ ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ آئندہ چند روز میں بھیونڈی پولیس زون کے مزید کئی افسران کے تبادلوں اور نئی تقرریوں کا بھی امکان ہے۔

## ڈاکٹرز ڈے پر بھیونڈی میں بڑی کارروائی، 78 فرضی ڈاکٹروں کیخلاف مقدمات درج
### مزید 33 ڈاکٹروں کی ڈگریاں بھی جانچ کے دائرے میں



بھیونڈی: نیشنل ڈاکٹرز ڈے کے موقع پر بھیونڈی میں غیر قانونی طور پر طبابت کرنے والوں کے خلاف محکمہ صحت نے بڑے پیمانے پر کارروائی کرتے ہوئے 78 مبینہ فرضی ڈاکٹروں کے خلاف مختلف پولیس تھانوں میں مقدمات درج کرائے ہیں، جبکہ ابتدائی جانچ میں 33 مزید ڈاکٹروں کی تعلیمی اسناد اور میڈیکل ڈگریاں بھی مشکوک پائی گئی ہیں، جن کے خلاف قانونی کارروائی کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ اس کارروائی کے بعد شہر کے طبی حلقوں میں کھلبلی مچ گئی ہے۔ ریاستی حکومت کی ہدایت پر محکمہ صحت کے ڈپٹی ڈائریکٹر نے بھیونڈی کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے میونسپل کارپوریشن کے چیف میڈیکل ہیلتھ آفیسر اور شہر کے 20 شہری مراکزِ صحت کے میڈیکل افسران کے ہمراہ متعدد کلینکوں کا اچانک معائنہ کیا۔ اس کارروائی کے دوران پٹیل نگر میں واقع ڈاکٹر شفیع خان کلینک، گنیش نگر کے آشاپورا کلینک اور پدما نگر کے گاجینگی کلینک پر چھاپے مارے گئے۔ محکمہ صحت کے مطابق گاجینگی کلینک سے بڑی مقدار میں ایلوپیتھک انجکشن اور ادویات کا غیر قانونی ذخیرہ برآمد ہوا، جسے سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے متعلقہ شخص کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ معائنے کے بعد میونسپل کارپوریشن کے صدر دفتر میں ڈپٹی ڈائریکٹر کی صدارت میں ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیف میڈیکل ہیلتھ آفیسر، تمام 20 شہری مراکزِ صحت کے انچارج میڈیکل افسران اور انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن (IMA) کے عہدیداران شریک ہوئے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ بھیونڈی میں بغیر قانونی اجازت کے طبابت کرنے والے 78 مبینہ فرضی ڈاکٹروں کے خلاف مہاراشٹر میڈیکل پریکٹشنرز ایکٹ 1961 کی دفعات 33 اور 36 نیز بھارتیہ نیائے سنہتا (BNS) کی دفعہ 318(4) کے تحت متعلقہ پولیس تھانوں میں مقدمات درج کیے جا چکے ہیں۔ محکمہ صحت نے تمام شہری مراکزِ صحت کے انچارج افسران کو اپنے اپنے علاقوں میں خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں کی فہرست جمع کرانے کی ہدایت دی تھی، جس کی بنیاد پر 452 ڈاکٹروں کی فہرست تیار کی گئی۔ ابتدائی جانچ میں ان میں سے 33 ڈاکٹروں کی میڈیکل ڈگریاں اور تعلیمی اسناد مشکوک پائی گئی ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نے ان تمام معاملات کی تفصیلی جانچ اور فوری قانونی کارروائی کے احکامات جاری کیے ہیں۔ اجلاس میں مختلف سرکاری صحت اسکیموں پر مؤثر عمل درآمد اور HPV ویکسینیشن مہم کو مزید تیز کرنے پر بھی زور دیا گیا۔ میونسپل کارپوریشن انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ بھیونڈی میں فرضی ڈاکٹروں کے خلاف خصوصی مہم آئندہ بھی پوری سختی کے ساتھ جاری رہے گی۔ انتظامیہ نے رجسٹرڈ اور مستند ڈاکٹروں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مہم میں بھرپور تعاون کریں تاکہ شہریوں کی صحت سے کھلواڑ کرنے والے عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی یقینی بنائی جا سکے۔

## نیرول میں پانی بھری سڑک پر بجلی کے جھٹکے سے کالج کے دو طالب علم شدید زخمی

نیرول: موسلا دھار بارش نے ممبئی اور اس کے قریبی علاقوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، جس سے روزمرہ کی زندگی اور سفر متاثر ہوا ہے۔ اس موسلا دھار بارش کے درمیان نیرول علاقہ سے ایک پریشان کن واقعہ سامنے آیا ہے۔ ایل پی پل کے نیچے بیکانیر سویٹس کے سامنے تار میں شارٹ سرکٹ ہوا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق، وہاں سے گزرنے والی کالج کی دو لڑکیاں بدھ کی دوپہر پانی کے ذریعے پھیلتے ہوئے کرنٹ سے براہ راست رابطے میں آگئیں۔ اس واقعہ سے علاقہ میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ لڑکیوں کو بارش میں سڑک پر پڑی دیکھا جا سکتا ہے جیسا کہ ایک شخص کو درخت کی شاخ کا استعمال کرتے ہوئے انہیں بچانے کے لیے دیکھا جا سکتا ہے۔ گاڑیاں پھنسے ہوئے دیکھی جا سکتی ہیں جب آدمی موقع سے منظر عام پر آنے والی لڑکیوں کو بچانے کی کوشش کر رہا ہے۔

## والکیشور میں ایم ایچ اے ڈی اے کی ایک عمارت کی بالکونی گرنے سے ایک پیدل چلنے والے شخص کی موت ہوگئی

ممبئی: ایک قریبی پٹرول پمپ پر کام کرنے والے ایک 51 سالہ پیدل چلنے والے کی موت ہوگئی جب منگل کو دیر گئے والکیشور میں ایک گراؤنڈ پلس تین منزلہ مہاڈا عمارت کی تیسری منزل کی بالکونی کا ایک حصہ منہدم ہوگیا۔ یہ واقعہ، جس کی اطلاع ممبئی فائر بریگیڈ کو 11.22 بجے دی گئی، گاوندیوی علاقے میں بابل ناتھ روڈ پر واقع سوریہ پرکاش بلڈنگ میں پیش آیا۔ متاثرہ شخص، جس کی شناخت سنتوش بھرا اسکر (51) کے طور پر ہوئی ہے، ایک پیدل چلنے والا تھا جو قریبی پٹرول پمپ پر کام کرتا تھا۔ گرنے سے وہ شدید زخمی ہوا اور اسے سر جے جے اسپتال لے جایا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دیا۔ گرنے کے بعد فائر بریگیڈ، پولیس، بیسٹ، 108 ایمبولینس سروس اور وارڈ کے عملے کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔

